NOMANI AL KHAIR FOUNDATION

نعمانی الخیر فاؤنڈیشن

مدارس مکاتب اسکول کالج کے طلباء وطالبات کیلئے

سوال جواب کے روشنی میں

دینی تعلیم کا گلدستہ

مرتب

مولانا سید رضوان موسیٰ نعمانی

(نگراں مکاتب قرآنیہ مدرسہ اعجاز العلوم کرن نائب صدر جمیعت العلماء ضلع احمد نگر)

ناشر

عفان دینی ہاؤس

عرشی کمپلیکس کوپرگاؤں ضلع احمد نگر 8484979861

Press : Farhan Computer, Malegaon 9359566438

عرضِ حال

محترم قارئین! موجودہ حالات میں معصوم ذہنوں کو اسلامی تعلیمات سے دور کرنے کیلئے ہر ممکن کوشش کی جاری ہے۔جس کے نتیجہ میں بچپن ہی سے بچوں کا ذہن دینی تعلیم سے دور ہوتا جارہا ہے۔ جائزہ میں یہ بات سامنے آئی کہ چھوٹے بچوں کو بچپن ہی سے اسلامی تعلیمات سے متنفر کرنے کی منظم کوشش ہورہی ہے۔نت نئے سوالات کے ذریعے بچوں کو غلط تعلیمات سے الجھایا جارہا ہے۔مدرسہ اعجاز العلوم، کرن کے زیرنگرانی جاری ۱۱۰ مکاتب کی وزٹ کی خدمت کے درمیان بچوں کی جانب سے دل دہلانے والی کار گذاریاں موصول ہوئی۔ارتداد، پردہ، تعدد ازدواج، مدارس اور فتنۂ شکیلیت جیسے سنگین مسائل پر بچوں کے ذہنوں کو گندہ کیا جارہا ہے۔اسی گندگی و پلیدگی سے نسل نو کو بچانے کیلئے اور اسلامی صحیح تعلیمات سے روشناس کرانے کیلئے بڑی محنت سے نعمانی الخیر فاؤنڈیشن کو پرگاؤں وسیرت کمیٹی کے مخلص ساتھیوں نے اسلامی کوئز مقابلے کے انعقاد کا عزم کیا ہے۔

جس کیلئے ۲۵۰ سوالات وجوابات پر مشتمل کتابچہ بنام "دینی تعلیم کا گلدستہ" بڑی محنت کے ذریعے ترتیب دیا گیا ہے،اس رسالہ میں اس بات کی کوشش کی گئی ہے کہ حالاتِ حاضرہ میں باطل نے اسلامی تعلیمات کے جن پہلو پر واویلا مچا کر اسلام کی شبیہ خراب کرنے کی کوشش کی ہے۔اِن پہلوؤں پر جو اعتراضات کیئے گئے ہیں اُس کی صحیح ترجمانی کرتے ہوئے اس کی حقیقی تعلیمات سے بچوں کو واقف کرانے کی فکر اور کوشش کی گئی ہے۔

اس لئے دینی درد رکھنے والے حضرات سے ہم گذارش کرتے ہیں کہ اپنے حلقوں میں اِس رسالہ کو یاد کروا کے ان کے ذہنوں کو غلط تعلیمات سے بچانے کی فکر کریں۔اس کیلئے اسلامی کوئز مقابلہ سب سے مؤثر ذریعہ ہے،آپ تمام سے گذارش ہیکہ ضرور اپنے علاقوں میں اسلامی کوئز مقابلوں کا اہتمام کریں۔

انشاءاللہ نعمانی الخیر فاؤنڈیشن اس عظیم کارِخیر میں آپ کا خادم ہوگا۔مزید اس رسالہ میں قابل اصلاح چیز آپ کی نظر سے گذرے تو ہمیں ضرور مطلع فرما کر عنداللہ ماجور ہوں۔

فقط : سید رضوان موسیٰ نعمانی (خادم نعمانی الخیر فاؤنڈیشن، کو پرگاؤں)

کلمات تبریک

حضرت اقدس مولانا مفتی عبدالرشید صاحب قاسمی کالینہ ممبئی دامت برکاتہم العالیہ

(فرزند و جانشین عارف باللہ حضرت مولانا منیر احمد صاحب کالینا رحمۃ اللہ علیہ)

بسم اللہ الرحمن الرحیم. الحمد للہ رب العالمین. والصلوۃ والسلام علی سیدنا سید الانبیاء والمرسلین. وخاتم الأنبیاء والمرسلین محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم. وعلی اصحابہ وازواجہ واتباعہ اجمعین. اما بعد!

اللہ تعالی کے دئے ہوئے کامل دین اسلام وآقا حضرت محمد ﷺ کی ذاتِ عالی کی برکات سے کائنات میں روشنی اور دو عالم میں اجالا ہے۔ آدمؑ کی اولاد اور قیامت تک آنے والی جناتوں کی نسل کی ہدایت ورہبری کے لیے اللہ پاک نے مذہب اسلام وآقا ﷺ کی ذاتِ بابرکت اور آپ کی نورانی ہدایات کا انتخاب فرمایا ہے۔

نقشِ قدم نبیؐ کہ ہیں جنت کے راستے — اللہ سے ملاتے ہیں سنت کے راستے

جو جتنا زیادہ سید الانبیاء ﷺ کی ذات آپکی تعلیمات اور آپ کے طریقے سے قریب ہوتا جائے گا، اتنا ہی اس کی زندگی میں عزت، کامیابی اور خوشحالی پیدا ہوتی جائے گی۔

کی محمد ﷺ سے وفا تو نے تو ہم تیرے ہیں — یہ جہاں چیز ہے کیا لوح وقلم تیرے ہیں

ہماری بہت بڑی ذمہ داری اور ہم سبھی کی ضرورت ہے کہ خود اپنے اندر، اپنے اہل وعیال، اعزہ واقارب کے درمیان اور پوری امت میں چل پھر کر اس سلسلے میں عملی بیداری پیدا کرنے کی کوشش کریں۔ تاکہ پورا معاشرہ اسلامی تعلیمات وآقا ﷺ کی سیرت اور آپ ﷺ کی سنت کے قریب تر ہوتا چلا جائے۔

الحمد للہ! مختلف میدانوں میں امت کے افراد اس حوالے سے کوششیں کر رہے ہیں۔ اسی کی ایک کڑی دینی تعلیم کا گلدستہ واسلامی انعامی کوئز مقابلہ کے نام سے ۲۵۰ سوال وجواب پر مشتمل رسالہ جسے برادرِ گرامی جناب مولانا سید رضوان موسیٰ صاحب نعمانی دامت برکاتہم (نگراں مکاتب قرآنیہ مدرسہ اعجاز العلوم کرن) نے مرتب فرمایا ہے۔ اس رسالہ میں اسلام کے بُنیادی عقائد پیارے حبیبؐ کی سیرت پاک اور عصر حاضر میں اسلام پر اُٹھنے والے سوالات کے جوابات احسن طریقے سے موصوف محترم نے سوال جواب کے روشنی میں جمع فرمائے ہیں۔ ہم اسکول کالج اور مکاتب کے ذمہ داران سے گذارش کرتے ہیں کہ اِس رسالہ سے نسل نو کو روشناس کروائیں چونکہ یہ وقت کی اشد ترین ضرورت ہے، ہم امید کرتے ہیں کے اہل علم ودانش اپنے اپنے میادین میں رسالہ سے استفادہ کرینگے اور اہلِ مکاتب قرآنیہ اپنے بچّوں کو اِس عظیم انعامی کوئز مقابلہ کا حصہ بنائینگے۔ انشاء اللہ! رب العالمین تمام کوششوں میں بے پناہ قبولیت وبرکت عطا فرمائے، اور ہم سب کو اپنے فضل سے مزید توفیقات و ترقیات اور دارین کی سعادتوں سے مالا مال فرمائے۔ آمین یارب العالمین

تقریظ

حضرت مولانا نظام الدین فخر الدین صاحب دامت برکاتہم العالیہ

(رکن مسلم پرسنل لا بورڈ و مہتمم دار العلوم نظامیہ صوفیہ، پونا)

یہ قانون قدرت ہے ہر فصل کی نشوونما کیلئے پانی کا ہونا ضروری ہے۔ اگر اُسے فصل کے مطابق پانی نہ ملے تو فصل جل جاتی ہے۔ تباہ و برباد ہو جاتی ہے، کاشت کار کے ہاتھ کچھ نہیں آتا۔ یہی حال نسلوں کا ہوتا ہے، اگر ان کی تعلیم و تربیت نہ ہو تو نسلیں برباد ہو جاتی ہیں، راہِ راست پر نہ چلنے کی نحوست سے ان کا گمراہ ہونا لازمی ہے، پھر کاشت کار کی طرح وہ یعنی والدین، سرپرست کفِ افسوس مل کر رہ جاتے ہیں۔ مگر وقت گزر جانے کے افسوس بے معنیٰ ہے۔

آج فتنوں کی بارش ہے۔ ان فتنوں کی خطرناک اور ایمان سوز بارش سے بچنے کیلئے "اسلام" ایک سائبان ہے۔ جس کی قولی و عملی تشریح ہمارے آقا خاتم النبین محمد رسول اللہ ﷺ کی ذاتِ بابرکات ہیں۔ نورانی اور بابرکت زندگی کیلئے ضروری ہیکہ ہم خاص طور پر ہمارے بچے اپنے محسن جناب محمد رسول اللہ ﷺ کی سیرت پاک سے روشنی حاصل کریں۔

اللہ جزاء خیر دے ہمارے علماءِ کرام کو ان کی پاکباز ہستیوں نے ہر دور میں اس بات کی بھرپور کوششیں کیں کہ امت کے نونہال محمد عربیؐ کی پاک سیرت سے روشناس ہو۔

آج بھی جب کہ ہمارے بچوں کو گمراہ کرنے کیلئے منصوبہ بند طریقہ سے باطل پسندوں فرقہ پرستوں نے کمر کس لی ہے۔ ہمارے علماء نے بھی عزم کر لیا ہیں کہ امت کے نونہالوں کے دل و دماغ کو سیرت النبیؐ و اسلامی تعلیمات کی روشنی سے معمور و منور کر کے رہیں گے۔ جس کا ایک طریقہ "طلباء و طالبات" کیلئے سیرت النبیؐ اسلامی کوئز مقابلہ ہے۔ نعمانی الخیر فاؤنڈیشن کو پرگاؤں ضلع احمد نگر، مہاراشٹر کے زیر اہتمام مولانا سید رضوان موسیٰ نعمانی کے زیر نگرانی یہ مبارک سلسلہ جاری ہے، جس کی کوشش یہی کہ ہمارے یہ بچے اسلامی تعلیمات و سیرت پاک سے واقف ہو، اللہ تعالیٰ اس کوشش کو کامیاب کرے، جو علماء اس عظیم مشن سے جڑے ہوئے ہیں اللہ تعالیٰ ان کو بہترین جزائے خیر عطا فرمائے۔ آمین بجاہ سید المرسلین

۱) سوال : تم کون ہو؟

جواب : ہم مسلمان ہیں۔

۲) سوال : مسلمان کسے کہتے ہیں؟

جواب : اللہ کو ایک ماننا اور حضرت محمد ﷺ کو اللہ کے آخری رسول ماننا اور ان کی بتائی ہوئی بات کو مان کر عمل کرنے والے کو مسلمان کہتے ہیں۔

۳) سوال : تمہارا مذہب کیا ہے؟

جواب : ہمارا مذہب اسلام ہے۔

۴) سوال : اسلام کیا سکھاتا ہے؟

جواب : اسلام یہ سکھاتا ہے کہ اللہ ایک ہے، وہی عبادت کے لائق ہے اور حضرت محمد ﷺ اللہ کے بندے اور اس کے رسول ہیں۔

۵) سوال : اسلام کا کلمہ کیا ہے؟

جواب : لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ

۶) سوال : تمہیں کس نے پیدا کیا؟

جواب : ہم کو اور ہمارے ماں باپ کو، اور آسمانوں، زمینوں اور تمام مخلوق کو اللہ نے پیدا کیا۔

۷) سوال : اللہ نے دنیا کو کس چیز سے پیدا کیا؟

جواب : اللہ نے دنیا کو اپنی قدرت اور اپنے حکم سے پیدا کیا ہے۔

۸) سوال : روزی کون دیتا ہے اور دعائیں کون سنتا ہے؟

جواب : روزی اللہ دیتا ہے اور دعائیں بھی اللہ سنتا ہے۔

۹)سوال : موت کون دیتا ہے اور کون زندہ کرتا ہے؟

جواب : موت اللہ دیتا ہے اور زندہ بھی اللہ کرتا ہے۔

۱۰)سوال : اللہ کے علاوہ کسی اور کو سجدہ کرنا کیسا ہے؟

جواب : شرک ہے۔

۱۱)سوال : اسلام کے بنیادی اصول کیا ہیں؟

جواب : توحید، رسالت، آخرت۔

۱۲)سوال : جو لوگ اللہ کو نہیں مانتے انہیں کیا کہتے ہیں؟

جواب : ان کو کافر کہتے ہیں۔

۱۳)سوال : کافر و مشرک بخشے جائیں گے یا نہیں؟

جواب : ان کی بخشش نہیں ہوگی۔

۱۴)سوال : تم کس کے بندے ہو؟

جواب : اللہ کے۔

۱۵)سوال : تم کس کی اولاد ہو؟

جواب : حضرت آدم علیہ السلام کی۔

۱۶)سوال : کیا انسان پہلے بندر تھا؟

جواب : انسان پہلے بندر نہیں تھا بلکہ اللہ تعالیٰ نے انسان کو اسی شکل وصورت میں پیدا کیا جس میں آج ہے۔

(نوٹ : اسکول کی بعض کتابوں میں جو پڑھایا جاتا ہے کہ انسان پہلے بندر تھا، یہ بالکل غلط ہے اور جہالت ہے)

۱۷) سوال : حضرت محمد ﷺ جب نبی بنائے گئے اس وقت آپ ﷺ کی عمر مبارک کیا تھی؟

جواب : ۴۰ سال تھی۔

۱۸) سوال : ہجرت کے وقت آپ ﷺ کی عمر کیا تھی؟

جواب : ۵۳ سال تھی۔

۱۹) سوال : آپ ﷺ مکہ میں کتنے سال رہے اور مدینہ میں کتنے سال رہے؟

جواب : آپ ﷺ مکہ میں ۵۳ سال اور مدینہ میں ۱۰ سال رہے۔

۲۰) سوال : حضور ﷺ کی حضرت خدیجہؓ سے شادی کے وقت آپؐ کی عمر کتنی تھی اور حضرت خدیجہ کی کتنی تھی؟

جواب : شادی کے وقت حضورؐ کی عمر مبارک ۲۵ سال اور حضرت خدیجہؓ کی عمر مبارک ۴۰ سال تھی۔

۲۱) سوال : حضور ﷺ دنیا میں کتنے سال رہے؟

جواب : ۶۳ سال تھی۔

۲۲) سوال : سب سے پہلے اور سب سے آخری نبی کا نام کیا ہے؟

جواب : سب سے پہلے نبی حضرت آدمؑ اور سب سے آخری نبی حضرت محمد ﷺ ہیں۔

۲۳) سوال : کیا حضرت محمد ﷺ کے بعد اب کوئی نبی آئے گا؟

جواب : نہیں، اور جو نبوت کا دعویٰ کرے گا وہ جھوٹا اور کافر ہے۔

۲۴) سوال : ہمارے نبی ﷺ کے لڑکوں کے نام بتاؤ؟

جواب : ہمارے نبی ﷺ کے تین لڑکے تھے۔

1) حضرت عبداللہؓ 2) حضرت قاسمؓ 3) حضرت ابراہیمؓ

۲۵) سوال : ہمارے نبی ﷺ کی لڑکیوں کے نام بتاؤ؟

جواب : ہمارے نبیؐ کی چار لڑکیاں تھیں :

1) حضرت زینبؓ 2) حضرت رقیہؓ 3) حضرت ام کلثومؓ 4) حضرت فاطمہؓ

۲۶) سوال : وفات کے وقت ہمارے نبی ﷺ کی عمر کتنی تھی؟

جواب : ۶۳ سال تھی۔

۲۷) سوال : مشہور آسمانی کتابیں کتنی ہیں اور کن نبیوں پر نازل ہوئیں؟

جواب : مشہور آسمانی کتابیں چار ہیں:

(۱) تورات حضرت موسیٰ علیہ السلام پر (۲) زبور حضرت داؤد علیہ السلام پر

(۳) انجیل حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر (۴) قرآن حضرت محمد ﷺ پر۔

۲۸) سوال : اللہ ایک ہے یا کئی ہیں؟

جواب : اللہ صرف ایک ہی ہے۔

۲۹) سوال : اللہ تعالیٰ کہاں ہے؟

جواب : اللہ تعالیٰ ہر جگہ ہے۔

۳۰) سوال : اللہ کب سے ہے اور کب تک رہے گا؟

جواب : اللہ ہمیشہ سے ہے اور ہمیشہ رہے گا۔

۳۱) سوال : وہ کون سا مقام ہے جہاں نبی ﷺ کو پتھر مارے گئے؟

جواب : وہ مقام طائف ہے۔

۳۲) سوال : کس صحابی کو آپ ﷺ نے "اللہ کی تلوار" کہا؟

جواب : حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کو آپؐ نے اللہ کی تلوار کہا۔

۳۳) سوال : اسلام کیا ہے؟

جواب : اسلام یہ ہے کہ تم دل سے مان لو اور زبان سے کہہ دو کہ اللہ ایک ہے اور حضرت محمد ﷺ اللہ کے بندے اور اس کے رسول ہیں۔

۳۴) سوال : تم کس کی امت ہو؟

جواب : حضرت محمد ﷺ کی۔

۳۵) سوال : تمہارے نبی ﷺ کا کیا نام ہے؟

جواب : ہمارے نبی کا نام محمد ﷺ ہے۔

۳۶) سوال : ہمارے نبی ﷺ کہاں پیدا ہوئے؟

جواب : مکہ مکرمہ میں ۹ ربیع الاول، پیر کے دن، ۲۰ اپریل ۵۷۱ء کو پیدا ہوئے۔

۳۷) سوال : ہمارے نبی ﷺ کے والد، والدہ، دادا اور چچا کا نام کیا ہے؟

جواب : والد کا نام عبداللہ، والدہ کا نام بی بی آمنہ، دادا کا نام عبدالمطلب، اور چچا کا نام ابوطالب ہے۔

۳۸) سوال : نبی ﷺ کی کتنی بیویاں تھیں اور ان کے نام بتائیں؟

جواب : نبی ﷺ کی ۱۱ بیویاں تھیں اور ان کے نام یہ ہیں۔

(۱) حضرت خدیجہؓ (۲) حضرت سودہؓ (۳) حضرت عائشہؓ (۴) حضرت زینب بنت جحشؓ
(۵) حضرت ام سلمہؓ (۶) حضرت زینب بنت خزیمہؓ (۷) حضرت حفصہؓ (۸) حضرت میمونہؓ
(۹) حضرت ام حبیبہؓ (۱۰) حضرت صفیہؓ (۱۱) حضرت جویریہؓ

(نوٹ : نبی ﷺ کی پاک بیویاں تمام مسلمانوں کی مائیں ہیں۔)

۳۹) سوال : نبی ﷺ کے دامادوں کے نام بتاؤ؟

جواب : (۱) حضرت ابوالعاص بن ربیع، (۲) حضرت عثمانؓ، (۳) حضرت علیؓ۔

۴۰) سوال : سیرت کسے کہتے ہیں؟

جواب : نبی ﷺ کی زندگی کے حالات کو سیرت کہتے ہیں۔

۴۱) سوال : حدیث کسے کہتے ہیں؟

جواب : نبیؐ کی زبان سے نکلی ہوئی باتوں اور آپ کے کیے ہوئے کاموں کو حدیث کہتے ہیں۔

۴۲) سوال : نبی کسے کہتے ہیں؟

جواب : نبی اللہ تعالیٰ کے نیک بندے ہوتے ہیں جو اللہ تعالیٰ کے احکام اللہ کے بندوں تک پہنچاتے ہیں۔

۴۳) سوال : دنیا میں کل کتنے نبی آئے؟

جواب : تقریباً ایک لاکھ چوبیس ہزار نبی آئے۔

۴۴) سوال : قرآن مجید کیا ہے؟

جواب : اللہ تعالیٰ کی کتاب اور اللہ کا کلام ہے۔

۴۵) سوال : قرآن کیا سکھاتا ہے؟

جواب : دنیا اور آخرت کی تمام بھلائیاں سکھاتا ہے۔

۴۶) سوال : نبیؐ کی کون سی بیوی کی پاکدامنی کے بارے میں قرآن کی آیتیں نازل ہوئیں؟

جواب : حضرت عائشہؓ

۴۷) سوال : قرآن شریف کتنے سالوں میں نازل ہوا اور کون لے کر آیا؟

جواب : قرآن شریف ۲۳ سال میں نازل ہوا اور حضرت جبرائیلؑ لے کر آئے۔

۴۸) سوال : قرآن شریف میں کتنے پارے ہیں؟

جواب : قرآن شریف میں ۳۰ پارے ہیں۔

۴۹) سوال : قرآن شریف میں کتنی سورتیں ہیں؟

جواب : قرآن شریف میں ۱۱۴ سورتیں ہیں۔

۵۰) سوال : قرآن کی سب سے پہلی کون سی آیت نازل ہوئی؟

جواب : اِقْرَأْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِي خَلَقَ

۵۱) سوال : اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو کس چیز سے پیدا کیا؟

جواب : اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کو مٹی سے پیدا کیا۔

۵۲) سوال : نماز کیا ہے؟

جواب : نماز دین اسلام کا ستون ہے۔

۵۳) سوال : مسلمان کس کے لیے نماز پڑھتے ہیں؟

جواب : مسلمان اللہ کے لیے نماز پڑھتے ہیں۔

۵۴) سوال : نماز ایک دن اور ایک رات میں کتنی مرتبہ پڑھی جاتی ہے؟

جواب : نماز ایک دن اور ایک رات میں پانچ مرتبہ پڑھی جاتی ہے۔

۵۵) سوال : پانچوں نمازوں کے نام کیا ہیں؟

جواب : (۱) فجر، (۲) ظہر، (۳) عصر، (۴) مغرب، (۵) عشاء۔

۵۶) سوال : نماز پڑھنے پر کیا ملتا ہے؟

جواب : نماز اللہ کی بہت بڑی عبادت ہے، جس کے پڑھنے والے کو دنیا میں برکتیں ملتی ہیں اور آخرت میں جنت کا وعدہ ہے۔

۵۷) سوال : نماز نہ پڑھنے پر کیا ہوتا ہے؟

جواب : اللہ ناراض اور غضب ناک ہوتا ہے اور انسان کی زندگی سے برکتیں ختم ہو جاتی ہیں۔

۵۸) سوال : جو سب کو نماز جماعت سے پڑھاتا ہے اسے کیا کہتے ہیں؟

جواب : اسے امام کہتے ہیں۔

۵۹) سوال : امام کا مقام و مرتبہ کیا ہے؟

جواب : امام کا دنیا و آخرت میں بڑا مقام و مرتبہ ہے، خود حضور ﷺ نے ان کے لیے مغفرت کی دعا فرمائی ہے، امام ہمارے معاشرے کا باعزت فرد ہوتا ہے، ہمیں ان کی عزت کرنی چاہیے۔

۶۰) سوال : دنیا کس نے بنائی ہے؟

جواب : اللہ تعالیٰ نے۔

۶۱) سوال : کس صحابی کے بارے میں آپؐ نے فرمایا کہ میرے بعد اگر کوئی نبی ہوتا تو وہ یہ ہوتے؟

جواب : حضرت عمرؓ۔

۶۲) سوال : نبی ﷺ کو مکہ مکرمہ والے نبوت ملنے سے پہلے کس نام سے پکارتے تھے؟

جواب : امین اور صادق۔

۶۳) سوال : آپ ﷺ کے کس صحابی کا نام قرآن میں ہے؟

جواب : حضرت زید بن حارثہؓ۔

۶۴) سوال : جب آپ ﷺ ہجرت کر کے مکہ سے مدینہ آئے تو آپ ﷺ کی اونٹنی کس انصاری

صحابی کے مکان پر رکی؟

جواب : حضرت ابوایوب انصاریؓ کے مکان پر۔

۶۵) سوال : کیا اسلام تلوار کے زور سے پھیلا ہے؟

جواب : ہرگز نہیں، اسلام اپنی بلند و اعلیٰ تعلیمات، برابری، اخلاق اور کردار کے ذریعے پھیلا ہے، جو کوئی بھی آج اسلام کی تعلیمات کو کھلے ذہن سے دیکھے گا وہ اس کی سچائی کو تسلیم کیے بغیر نہیں رہ سکتا۔

۶۶) سوال : بچوں میں سب سے پہلے کس نے اسلام قبول کیا؟

جواب : حضرت علیؓ نے۔

۶۷) سوال : اسلام کی بنیاد کیا ہے؟

جواب : اسلام کی بنیاد پانچ چیزوں پر ہے:

(۱) گواہی دینا کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں، (۲) نماز قائم کرنا، (۳) زکوٰۃ ادا کرنا، (۴) رمضان کے روزے رکھنا، (۵) حج کرنا۔

۶۸) سوال : نماز کے لیے مسلمانوں کو کس ذریعے سے بلایا جاتا ہے؟

جواب : اذان کے ذریعے۔

۶۹) سوال : کیا اذان فضائی آلودگی کا ذریعہ ہے؟

جواب : اذان اللہ کی بڑائی، رسول ﷺ کی رسالت اور انسان کی کامیابی کی سب سے بڑی دعوت ہے، یہ فضائی آلودگی نہیں ہو سکتی۔ جن علاقوں میں اذان کی آوازیں گونجتی ہے وہاں سے شیاطین بھاگتے ہیں اور ان علاقے میں آسمان سے خیر و برکتیں نازل ہوتی ہیں۔

۷۰) سوال : جو شخص اذان دیتا ہے اسے کیا کہتے ہیں؟

جواب : مؤذن کہتے ہیں۔

۷۱) سوال : مؤذن کا مقام و مرتبہ کیا ہے؟

جواب : مؤذن کا مقام اسلام میں بہت بلند ہے، جہاں تک مؤذن کی آواز پہنچتی ہے وہاں تک ہر چیز اس کے لیے مغفرت کی دعا کرتی ہے، اس لیے مؤذن کا احترام کرنا چاہیے۔

۷۲) سوال : زکوٰۃ کب فرض ہوئی؟

جواب : سن ۲ ہجری میں۔

۷۳) سوال : زکوٰۃ کسے کہتے ہیں؟

جواب : مالدار شخص سال گزرنے کے بعد اپنے مال کا جو چالیسواں حصہ نکالتا ہے اسے زکوٰۃ کہتے ہیں۔

۷۴) سوال : زکوٰۃ ادا کرنے کا کیا فائدہ ہے؟

جواب : زکوٰۃ کے بہت سے فوائد ہیں : (۱) اللہ کا حکم پورا ہوتا ہے، (۲) مال محفوظ رہتا ہے، (۳) غربت ختم ہوتی ہے۔

۷۵) سوال : زکوٰۃ ادا نہ کرنے کا کیا نقصان ہے؟

جواب : (۱) اللہ ناراض اور غضب ناک ہوتا ہے (۲) مال میں برکت نہیں رہتی

(۳) غریبوں کا حق مارا جاتا ہے (۴) آخرت میں سخت عذاب ہوگا۔

۷۶) سوال : مسلمان کے لیے سود لینا کیسا ہے؟

جواب : سود لینا اور دینا سخت گناہ ہے، سود کے کاروبار کرنے والے سے اللہ نے جنگ کا اعلان

کیا ہے، اس لیے اسلام میں سود کو حرام قرار دیا گیا ہے۔

۷۷) سوال : کیا بچت گٹ کمیٹیاں بھی سود ہیں؟

جواب : جی ہاں، بچت گٹ کمیٹی بھی سود ہے۔ بعض اوقات یہ سادہ لوح عورتوں کے ساتھ دھوکا ہوتا ہے، اس لیے مسلمانوں کو اس سے بچنا چاہیے اور شرعی حل اختیار کرنا چاہیے۔

۷۸) سوال : حج کسے کہتے ہیں؟

جواب : حج ایک عبادت ہے، جس میں بیت اللہ کا طواف اور مکہ مکرمہ کے مقدس مقامات پر مخصوص اعمال ادا کیے جاتے ہیں۔

۷۹) سوال : حج کس پر فرض ہے؟

جواب : ہر اس مسلمان (مرد یا عورت) پر جو مالی و جسمانی استطاعت رکھتا ہو۔

۸۰) سوال : حج کرنے کا کیا فائدہ ہے؟

جواب : حج کرنے کا اجر اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی رضا اور جنت ہے۔

۸۱) سوال : استطاعت کے باوجود حج نہ کرنے کا گناہ کیا ہے؟

جواب : جو شخص طاقت کے باوجود حج نہ کرے تو پھر چاہے وہ یہودی ہو کر مرے یا نصرانی ہو کر، اللہ پاک کو اس کی کوئی پرواہ نہیں۔

۸۲) سوال : آپ ﷺ نے ہجرت کے بعد پہلا اور آخری حج کب کیا؟

جواب : سن ۱۰ ہجری میں۔

۸۳) سوال : حج زندگی میں ایک بار فرض ہے یا ہر سال؟

جواب : حج زندگی میں ایک بار فرض ہے۔

۸۴) سوال : روزہ کس کو کہتے ہیں؟

جواب : صبح صادق سے لے کر غروبِ آفتاب تک کھانے، پینے اور نفسانی خواہش سے اللہ کی رضا کے لیے اپنے آپ کو روکے رکھنے کا نام روزہ ہے۔

۸۵) سوال : روزہ کب فرض ہوا؟

جواب : سن ۲ ہجری میں۔

۸۶) سوال : روزہ کس پر فرض ہے؟

جواب : ہر عاقل، بالغ، مسلمان مرد و عورت پر فرض ہے۔

۸۷) سوال : کس مہینے کے روزے رکھنا فرض ہیں؟

جواب : رمضان المبارک کے روزے رکھنا فرض ہیں۔

۸۸) سوال : روزہ رکھنے کے کیا فائدے ہیں؟

جواب : روزہ اللہ کی رضا اور حصولِ جنت کا ذریعہ ہے، روزے سے انسان کو روحانی قوت اور دماغ کو سکون ملتا ہے۔

۸۹) سوال : روزے کی حکمت کیا ہے؟

جواب : روزہ رکھنے سے غریبوں اور مسکینوں کی ہمدردی، بھوک اور پیاس کی شدت میں صبر و برداشت کی صفت پیدا ہوتی ہے، روزہ دار بہت سے گناہوں سے بچ جاتا ہے، دل کی پاکیزگی اور روح کی صفائی نصیب ہوتی ہے۔

۹۰) سوال : کیا غیر مسلم کے مال سے افطار کر سکتے ہیں؟

جواب : جی ہاں، کر سکتے ہیں، البتہ شرط یہ ہے کہ کھانے میں کوئی حرام اور ناپاک چیز شامل نہ ہو

۹۱) سوال : حضرت محمد ﷺ کہاں پیدا ہوئے؟

جواب : سعودی عرب کے شہر مکہ مکرمہ میں پیدا ہوئے۔

۹۲) سوال : حضور ﷺ کی ولادت عیسوی سن کے مطابق کب ہوئی؟

جواب ۲۲ : اپریل ۵۷۱ عیسوی میں۔

۹۳) سوال : حضور ﷺ کے نانا، نانی اور دادی کا نام بتائیں؟

جواب : نانا کا نام وہب بن عبد مناف، نانی کا نام برّہ بنت عبد العزّی اور دادی کا نام فاطمہ بنت عمرو بن عائذ تھا۔

۹۴) سوال : حضور ﷺ کے کتنے چچا تھے اور کتنے مشرف بہ اسلام ہوئے؟

جواب : آپ ﷺ کے گیارہ چچا تھے :

(۱) ابو طالب، (۲) حضرت امیر حمزہ، (۳) حضرت عباس، (۴) حضرت حارث، (۵) ابولہب، (۶) زبیر، (۷) عبد اللہ، (۸) ضرار، (۹) عبد الکعبہ، (۱۰) قاسم، (۱۱) غیداق۔ اور مشرف بہ اسلام صرف دو ہوئے : (۱) حضرت امیر حمزہ، (۲) حضرت عباس۔

۹۵) سوال : حضور ﷺ کا قبیلہ کون سا تھا اور کس خاندان سے تعلق رکھتے تھے؟

جواب : آپ ﷺ کا قبیلہ قریش تھا اور ہاشمی خاندان سے تعلق رکھتے تھے۔

۹۶) سوال : حضور ﷺ کے دانت مبارک کس جنگ میں شہید ہوئے؟

جواب : جنگ اُحد میں۔

۹۷) سوال : نبی ﷺ نے حضرت جبرائیل علیہ السلام کو ان کی اصلی حالت میں کتنی بار دیکھا؟

جواب : چار بار۔

۹۸) سوال : تم اپنا سر کس کے سامنے جھکاؤ گے؟

جواب : اللہ تعالیٰ کے۔

۹۹) سوال : حضرت جبرائیل علیہ السلام آپ ﷺ کے پاس کس صحابی کی شکل میں آتے تھے؟

جواب : حضرت دحیہ کلبیؓ کی شکل میں۔

۱۰۰) سوال : توحید کا کیا مطلب ہے؟

جواب : اللہ کو ایک ماننا۔

۱۰۱) سوال : رسالت کا کیا مطلب ہے؟

جواب : حضور ﷺ کو اللہ کا رسول ماننا۔

۱۰۲) سوال : آخرت کا کیا مطلب ہے؟

جواب : مرنے کے بعد جو زندگی شروع ہوتی ہے اسے آخرت کہتے ہیں۔

۱۰۳) سوال : نبوت کے زمانہ میں کتنی اور کہاں کہاں ہجرتیں ہوئیں؟

جواب : تین ہجرتیں ہوئیں : (۱) حبشہ کی ہجرت (۲) حبشہ کی دوسری ہجرت (۳) مدینہ منورہ کی ہجرت۔

۱۰۴) سوال : آپؐ نے کس سال کو عام الحزن (غم کا سال) کہا ہے؟

جواب : سن ۱۰ نبوی کو آپ نے عام الحزن (غم کا سال) فرمایا ہے، اس کی وجہ یہ تھی کہ اسی سال آپؐ کی اہلیہ حضرت خدیجہؓ اور آپ کے چچا ابو طالب کا انتقال ہوا۔ اس سال آپ کو بہت زیادہ تکلیفوں کا سامنا کرنا پڑا۔

۱۰۵) سوال : نبی ﷺ کا نام محمد کس نے رکھا اور احمد نام کس نے رکھا؟

جواب : محمد نام دادا عبدالمطلبؓ نے اور احمد نام والدہ حضرت آمنہؓ نے رکھا۔

۱۰۶) سوال : فقہ کے مشہور اماموں کے نام بتائیں؟

جواب : (۱) امام ابوحنیفہؒ (۲) امام شافعیؒ (۳) امام مالکؒ (۴) امام احمد بن حنبلؒ

۱۰۷) سوال : قیامت کا دن کس کو کہتے ہیں؟

جواب : جس دن تمام انسان اور جاندار مر جائیں گے، زمین و آسمان اور پوری کائنات تباہ و برباد ہو جائے گی، اسے قیامت کا دن کہتے ہیں۔

۱۰۸) سوال : فرشتے کس کو کہتے ہیں؟

جواب : اللہ تعالیٰ کی نورانی مخلوق کو فرشتے کہتے ہیں۔

۱۰۹) سوال : فرشتے کتنے ہیں؟

جواب : فرشتے بے شمار ہیں، ان کی تعداد اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی نہیں جانتا۔

۱۱۰) سوال : مشہور فرشتے کتنے ہیں اور ان کے نام بتائیں؟

جواب : (۱) حضرت جبرائیلؑ (۲) حضرت میکائیلؑ (۳) حضرت اسرافیلؑ (۴) حضرت عزرائیلؑ

۱۱۱) سوال : یارِ غار رفیق جان نثار کسے کہتے ہیں؟

جواب : حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو۔

۱۱۲) سوال : اسلام کی سب سے پہلی مسجد کون سی ہے؟

جواب : مسجدِ قباء۔

۱۱۳) سوال : خانہ کعبہ میں کتنے بت رکھے ہوئے تھے اور مشہور بتوں کے نام بتاؤ؟

جواب: خانہ کعبہ میں ۳۶۰ بت رکھے ہوئے تھے۔ مشہور بتوں کے نام یہ ہیں :

(۱)عُزّیٰ (۲)منات (۳) نَذر۔

۱۱۴) سوال : چند مشہور غزوات کے نام بتاؤ؟

جواب : (۱)غزوۂ بدر (۲)غزوۂ اُحد (۳)غزوۂ خندق

(۴)غزوۂ حنین (۵)غزوۂ خیبر (۶)غزوۂ تبوک وغیرہ۔

۱۱۵) سوال : غزوۂ بدر میں مسلمانوں اور کافروں کی تعداد کیا تھی؟

جواب : مسلمانوں کی تعداد ۳۱۳ اور کافروں کی تعداد ۱۰۰۰ کے قریب تھی۔

۱۱۶) سوال : اُس حبشی کا نام بتاؤ جس نے حضرت حمزہ کو غزوۂ اُحد میں شہید کیا، اس نے اسلام اور کفر کی کن دو اہم شخصیات کو ختم کیا؟

جواب : اُس حبشی کا نام وحشی بن حرب تھا۔ اس نے اسلام کی شخصیت حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کو شہید کیا، اور مسلمان ہونے کے بعد کفر کی سب سے اہم شخصیت مسیلمہ کذاب کو جہنم میں پہنچا دیا۔

۱۱۷) سوال : فرض، واجب، سنت کسے کہتے ہیں اور اس کے منکر کو کیا کہتے ہیں؟

جواب : ایسا کام جس کو اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نہایت ضروری قرار دیا ہو اور اس کے بغیر کوئی چارہ نہ ہو، اس کو فرض کہتے ہیں اور اس کا نہ ماننے والا کافر ہے۔

واجب ایسا ضروری کام ہے جس کے متعلق شریعت کا حکم ہو لیکن اتنا ضروری نہ ہو کہ اس کے بغیر چارہ نہ ہو۔ اس کے نہ ماننے والے کو کافر نہیں بلکہ فاسق کہتے ہیں۔

سنت ایسا کام ہے جو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کیا ہو اور کرنے کا حکم دیا ہو اور کبھی کبھی عذر کی وجہ سے چھوڑ دیا ہو۔ اس کے نہ ماننے والے کو کافر یا فاسق نہیں کہتے بلکہ گنہگار ہوتا ہے۔

۱۱۸) سوال : حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تمام عمر کہاں رہے؟

جواب : آپ ﷺ ۵۳ سال کی عمر تک مکہ مکرمہ میں رہے، اس کے بعد اللہ کے حکم سے مدینہ منورہ ہجرت کر گئے، وہاں ۱۰ سال رہے اور ۶۳ سال کی عمر میں وفات پائی۔

۱۱۹) سوال : یہ کیسے معلوم ہوا کہ حضرت محمد ﷺ اللہ کے نبی اور رسول ہیں؟

جواب : آپ ﷺ نے ساری زندگی نیک کام کیے اور ایسی باتیں بتائیں اور ظاہر کیں جو پورے طور پر صحیح ثابت ہوئیں اور وہ باتیں سوائے پیغمبروں کے کوئی اور نہیں بتا سکتا۔

۱۲۰) سوال : آپ ﷺ کے گھر کے کام کاج کون کیا کرتا تھا؟

جواب : آپ ﷺ خود ہی کر لیا کرتے تھے، کسی کام میں تکلف نہ فرماتے، ازواجِ مطہرات کے ساتھ کچن کے کاموں میں ہاتھ بٹاتے، کپڑے دھو لیتے، انہیں سُکھا لیتے، سواری باندھ لیتے اور اسے چارہ بھی ڈال دیتے۔ غرض کہ گھر کے چھوٹے بڑے کام آپ خود انجام دیتے، لہٰذا ہمیں بھی ہر کام خود کرنا چاہیے۔

۱۲۱) سوال : نبی ﷺ کی کون سی بیوی ہیں جن کا نکاح آسمان پر پڑھایا گیا؟

جواب : حضرت زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا۔

۱۲۲) سوال : عقیدۂ ختمِ نبوت کیا ہے؟

جواب : عقیدۂ ختمِ نبوت اسلام کا وہ بنیادی عقیدہ ہے جس میں معمولی سا شک بھی انسان کو دائرۂ ایمان سے نکال دیتا ہے۔ یہ دنیا بھر کے مسلمانوں کا متفقہ عقیدہ ہے۔

۱۲۳) سوال : کیا قرآنِ مجید صرف مسلمانوں کی کتاب ہے؟

جواب : نہیں بلکہ قرآن قیامت تک آنے والے تمام انسانوں کی رہنمائی کرنے والی کتاب ہے۔

۱۲۴) سوال : عقیدۂ ختمِ نبوت کی اسلام میں کیا اہمیت ہے؟

جواب : عقیدۂ ختمِ نبوت اسلام کی جان ہے۔ سارے دین کا مدار اسی عقیدے پر ہے۔ قرآنِ کریم کی ۱۰۰ سے زائد آیات اور آپ ﷺ کی سیکڑوں احادیث اس عقیدے کی دلیل ہیں۔ جو اس عقیدے میں رائی کے دانے کے برابر بھی شک کرے وہ اسلام سے خارج ہے۔

۱۲۵) سوال : عقیدۂ ختمِ نبوت پر قرآن سے کوئی آیت پیش کیجیے؟

جواب : مَا كَانَ مُحَمَّدٌ أَبَا أَحَدٍ مِّن رِّجَالِكُمْ وَلَٰكِن رَّسُولَ اللَّهِ وَخَاتَمَ النَّبِيِّينَ وَكَانَ اللَّهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمًا (سورۃ الاحزاب)

ترجمہ آیت : محمد ﷺ تمہارے مردوں میں سے کسی کے باپ نہیں ہیں لیکن وہ اللہ کے رسول ہیں اور تمام نبیوں میں سب سے آخری نبی ہیں، اور اللہ ہر چیز کو خوب جانتا ہے۔

۱۲۶) سوال : عقیدۂ ختمِ نبوت پر کوئی حدیثِ رسول بتلائیے؟

جواب : میں آخری نبی ہوں، میرے بعد کوئی نبی نہیں آئے گا۔

۱۲۷) سوال : حضور ﷺ کا اسمِ گرامی قرآنِ مجید میں کتنی بار آیا ہے؟

جواب : محمد ﷺ چار بار اور احمد ﷺ ایک بار آیا ہے۔

۱۲۸) سوال : قرآن کی کس سورت اور کس آیت میں کہا گیا کہ آپ ﷺ تمام عالم کے لیے رحمت بنا کر بھیجے گئے؟

جواب : سورۃ الانبیاء، آیت نمبر ۱۰۷ میں۔

۱۲۹) سوال : قرآنِ مجید محمد ﷺ پر ایک مرتبہ نازل ہوا یا تھوڑا تھوڑا نازل ہوا؟

جواب : تھوڑا تھوڑا نازل ہوا۔ کبھی ایک آیت، کبھی دو چار آیات، کبھی ایک سورت جیسی ضرورت ہوتی، ویسے نازل ہوتا رہا۔

۱۳۰) سوال : قرآنِ پاک میں کس بات کی تعلیم دی گئی؟

جواب : اللہ کے ایک ہونے پر ایمان، رسول کی رسالت کا اقرار، حلال وحرام میں فرق، جنت کی خواہش، جہنم کا خوف، آخرت پر ایمان لانے کی تعلیم دی گئی ہے، اور تمام انسانوں کی دنیا و آخرت کی فلاح و کامیابی کے اصول بتائے گئے ہیں۔

۱۳۱) سوال : رمضان میں روزہ کب سے کب تک رکھا جاتا ہے؟

جواب : رمضان کے مہینے کے شروع سے لے کر آخر تک صبحِ صادق سے غروبِ آفتاب تک روزہ رکھا جاتا ہے۔

۱۳۲) سوال : کیا قرآنِ مجید غیر مسلم کو ہدیہ دیا جاسکتا ہے؟

جواب : جی ہاں، ہوسکتا ہے کہ اللہ پاک قرآن پڑھنے کی برکت سے اسے اسلام قبول کرنے کی توفیق دے دے، مگر اسے پاک صاف ہو کر قرآن لینے اور پاک صاف جگہ پر رکھنے کی تاکید کریں

۱۳۳) سوال : کیا قرآنِ مجید کسی بھی انسان کو قتل کرنے کی دعوت دیتا ہے؟

جواب : جی نہیں، بلکہ یہ قرآن پر بہت بڑا الزام ہے۔ قرآن، سورۃ المائدہ رکوع نمبر ۵ آیت نمبر ۳۲ میں کہتا ہے : جس نے کسی انسان کو ناحق قتل کیا گویا اس نے تمام لوگوں کو قتل کیا، اور جس نے کسی انسان کی جان بچائی گویا اس نے تمام انسانوں کی جان بچالی۔

۱۳۴) سوال : جب قرآن تمام انسانوں کے لیے ہے تو پھر عربی میں کیوں ہے، دوسری زبانوں میں کیوں نہیں؟

جواب : عربی زبان اس کائنات کی نہایت خوبصورت اور پیاری زبان ہے، اور محمد ﷺ کی ذاتِ اقدس کا تعلق بھی عرب سے ہے، ظاہری بات ہے کہ آپ ﷺ کی زبان بھی عربی ہے، اور

جنتیوں کی زبان بھی عربی ہے، اسی لیے قرآنِ مجید عربی میں نازل ہوا۔

۱۳۵) سوال : سب سے پہلے قرآن کی کون سی آیت نازل ہوئی اور کس جگہ نازل ہوئی؟

جواب : سب سے پہلے سورۃ العلق کی ابتدائی آیات مکہ مکرمہ کے "حرا" نامی ایک غار میں نازل ہوئیں۔

۱۳۶) سوال : نبی ﷺ جنگ پر روانہ ہوتے وقت سب سے آخر میں کس سے ملتے اور آنے کے بعد سب سے پہلے کس کے گھر جاتے تھے؟

جواب : حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا۔

۱۳۷) سوال : حضرت خدیجہؓ کی موجودگی میں حضور ﷺ نے کتنے نکاح کیے؟

جواب : حضرت خدیجہؓ جب تک حیات رہیں آپ ﷺ نے دوسرا کوئی نکاح نہیں فرمایا۔

۱۳۸) سوال : حضور ﷺ نے حضرت خدیجہؓ سے نکاح فرمایا تو اس وقت کیا وہ بیوہ تھیں؟

جواب : جی ہاں، حضرت خدیجہؓ بیوہ تھیں اور آپ ﷺ سے پہلے ان کے دو نکاح ہو چکے تھے۔

۱۳۹) سوال : حضرت خدیجہؓ کی وفات کے بعد آپ ﷺ نے کتنے نکاح فرمائے؟

جواب : حضرت خدیجہؓ کی وفات کے بعد آپ ﷺ نے ۱۰ نکاح فرمائے۔

۱۴۰) سوال : حضور ﷺ کے ۱۱ نکاح کی کیا حکمت اور مصلحت تھی؟

جواب : حضور ﷺ کو اللہ پاک کی طرف سے ۱۱ نکاح کی خصوصی اجازت دی گئی، جس کی حکمت اور مصلحت یہ تھی: (۱) بیواؤں سے نکاح کی ترغیب دینا۔ (۲) حضور ﷺ کے گھریلو حالات سے امت کو واقف کرانا، چنانچہ حضورؐ کی ازواجِ مطہرات کے ذریعے آپؐ کی گھریلو زندگی کا علم ہوا۔ (۳) عربوں کا دستور تھا کہ جو ان کا داماد بن جاتا، اس کے خلاف جنگ کرنا اپنی عزت کے خلاف سمجھتے تھے، چنانچہ نکاح کی وجہ سے کئی قبیلوں کی دشمنی ختم ہوگئی۔

۱۴۱) سوال : یہ حجاب کیا ہے؟

جواب : پردہ اللہ کا حکم ہے، پردہ دلوں کی طہارت و پاکیزگی کا ذریعہ ہے، پردہ عورت کی فطری حیا کا تقاضا ہے، پردہ عورت کو انسان نما بھیڑیوں سے بچاتا ہے، پردہ معاشرے میں امن کا ذریعہ ہے، پردہ ایک ایسا شرعی حکم ہے جس میں دنیا و آخرت کے بہت سے فائدے ہیں۔

۱۴۲) سوال : پردہ نہ کرنے کا کیا نقصان ہے؟

جواب : بے پردگی اللہ تعالیٰ کی ناراضگی کا سبب ہے، بے پردہ عورت کی معاشرے میں کوئی عزت نہیں رہتی، لوگ اس کے کردار پر انگلیاں اٹھاتے ہیں، بے پردگی کی وجہ سے معاشرے کا امن ختم ہوتا ہے اور بے پردہ عورت دنیا و آخرت میں رسوا و ذلیل ہوتی ہے۔

۱۴۳) سوال : حضور ﷺ سے نکاح اور رخصتی کے وقت حضرت عائشہؓ کی کیا عمر تھی؟

جواب : مشہور قول کے مطابق حضور ﷺ سے نکاح کے وقت حضرت عائشہؓ کی عمر ۶ سال اور رخصتی کے وقت ۹ سال تھی۔

۱۴۴) سوال : مدرسہ کس کو کہتے ہیں؟

جواب : یوں تو ہر وہ جگہ جہاں قرآن پڑھایا اور سکھایا جائے وہ مدرسہ ہے، پھر چاہے وہ جنگل ہو یا شہر، جھونپڑا ہو یا محل۔

۱۴۵) سوال : کیا مدارس دہشت گردی کے اڈے ہیں؟

جواب : ہرگز نہیں، مدارس میں قرآن کی تعلیم ہوتی ہے، اور جہاں علم کا نور ہو وہ جگہ دہشت گردی کا اڈہ کیسے ہو سکتی ہے۔ مدارس تو ہر بچے کو اچھا اور باعزت شہری بناتے ہیں، اس کو ہر ایک کے ساتھ محبت سے زندگی گزارنے کا طریقہ سکھاتے ہیں، اور مدارس اس ملک میں وطن

دوستی اور ترقی کا بڑا ذریعہ ہیں۔اس ملک کی آزادی میں مدارس کا بڑا ہاتھ ہے۔

۱۴۶) سوال : مدارسِ اسلامیہ میں کیا کیا پڑھایا جاتا ہے؟

جواب : دینی مدارس کا اپنا ایک خاص نصابِ تعلیم ہوتا ہے جو پاکیزہ اور نورانی ماحول میں پڑھایا جاتا ہے، جس میں قرآن وحدیث، عربی، اردو، فارسی، صرف ونحو (گرامر) تفسیر، فقہ، اصولِ فقہ، فن ادب جیسے علوم پڑھائے جاتے ہیں۔اس کے علاوہ وطن عزیز میں صوبائی زبانوں کے ساتھ ساتھ انگریزی، ریاضی، سائنس، اور کمپیوٹر کی تعلیم دی جاتی ہے۔مدارس میں دیش کا سچا سپاہی بنایا جاتا ہے اور اللہ کا ولی بنایا جاتا ہے۔

۱۴۷) سوال : نبی ﷺ کے کس نواسے کو کربلا میں شہید کیا گیا؟

جواب : حضرت حسین رضی اللہ عنہ۔

۱۴۸) سوال : دینی مدارس کی کیا خدمت ہے؟

جواب : مدارس جہاں دین کی حفاظت کے قلعے، ہدایت کے سرچشمے، قرآن وحدیث کی حفاظت اور اشاعت کا ذریعہ ہیں، وہیں یہ دنیا کی حقیقت میں سب سے بڑی فلاحی تنظیمیں بھی ہیں جو لاکھوں طلبہ وطالبات کو بلا معاوضہ تعلیم کے زیور سے آراستہ کرنے کے ساتھ ساتھ ان کی خوراک، پوشاک، رہائش اور طبی سہولتوں کا مفت انتظام کرتے ہیں۔

۱۴۹) سوال : حضور ﷺ کو کون سا تیل سب سے زیادہ پسند تھا؟

جواب : حضور ﷺ کو زیتون کا تیل سب سے زیادہ پسند تھا۔

۱۵۰) سوال : حضور ﷺ کو کون سا رنگ سب سے زیادہ پسند تھا؟

جواب : حضور ﷺ کو سفید رنگ سب سے زیادہ پسند تھا۔

۱۵۱) سوال : حضور ﷺ سفر کے دوران کون سی چیزیں اپنے ساتھ رکھا کرتے تھے؟

جواب : حضور ﷺ سفر کے دوران اپنے ساتھ تیل کی شیشی، سرمہ دان، آئینہ، کنگھی، قینچی، مسواک، سوئی دھاگہ رکھا کرتے تھے۔

۱۵۲) سوال : حضور ﷺ کی مشہور تلوار کا نام کیا تھا؟

جواب : حضور ﷺ کی مشہور تلوار کا نام "ذوالفقار" تھا۔

۱۵۳) سوال : حضور ﷺ کو آپ کی والدہ ماجدہ نے کتنے دن دودھ پلایا؟

جواب : حضور ﷺ کو آپ کی والدہ ماجدہ نے تین یا چار دن دودھ پلایا۔

۱۵۴) سوال : حضور ﷺ کی حیاتِ مبارکہ میں پیر کا دن کیا اہمیت رکھتا ہے؟

جواب : حضور ﷺ کی ولادت پیر کے دن ہوئی، نبوت پیر کے دن ملی، ہجرت میں قبا میں داخلہ پیر کو ہوا، اور وصال بھی پیر کو ہوا۔

۱۵۵) سوال : حضور ﷺ کے کتنے لڑکے ہوئے اور ان کی عمر کیا ہوئی؟

جواب : حضور ﷺ کے تین لڑکے ہوئے : (۱) حضرت قاسم کی عمر ۲ سال (۲) حضرت ابراہیم کی عمر ۱۸ مہینے (۳) حضرت عبداللہ کا بچپن میں ہی انتقال ہوا۔

۱۵۶) سوال : حضور ﷺ کی پہلی لڑکی کا نام بتاؤ؟

جواب : حضور ﷺ کی پہلی لڑکی کا نام حضرت زینب رضی اللہ عنہا ہے۔

۱۵۷) سوال : حضور ﷺ کی دوسری لڑکی کا نام اور ان کی عمر کتنی تھی؟

جواب : حضور ﷺ کی دوسری لڑکی کا نام حضرت رقیہ رضی اللہ عنہا اور ان کی عمر ۲۱ سال تھی۔

۱۵۸) سوال : حضور ﷺ کی تیسری لڑکی کا نام اور ان کی عمر کتنی تھی؟

جواب : حضور ﷺ کی تیسری لڑکی کا نام حضرت اُمِ کلثومؓ اوران کی عمر ۲۷ سال تھی۔

۱۵۹) سوال : حضور ﷺ کی چوتھی لڑکی کا نام اوران کی عمرؓ کتنی تھی؟

جواب : حضور ﷺ کی چوتھی لڑکی کا نام حضرت فاطمہ اوران کی عمر ۲۲ سال تھی۔

۱۶۰) سوال : حضرت فاطمہ کے لڑکوں اور لڑکیوں کے نام بتاؤ؟

حضرت فاطمہ کے لڑکوں کے نام یہ ہیں:

جواب: لڑکوں کے نام : (۱) حضرت حسنؓ (۲) حضرت حسینؓ (۳) حضرت محسنؓ۔

حضرت فاطمہ کے لڑکیوں کے نام یہ ہیں:

لڑکیوں کے نام : (۱) حضرت زینبؓ (۲) حضرت رقیہؓ (۳) حضرت اُمِ کلثومؓ۔

۱۶۱) سوال : حضرت محمد ﷺ کی نسل کس بیٹی سے آگے چلی؟

جواب : حضرت فاطمہؓ سے۔

۱۶۲) سوال : حضرت عثمانؓ سے اپنی لڑکیوں کے نکاح کے بارے میں حضورؐ نے کیا فرمایا تھا؟

جواب : حضور ﷺ نے فرمایا : اگر میری ۱۰۰ لڑکیاں ہوتیں تو میں ایک کے بعد دوسری اسی طرح حضرت عثمان کے نکاح میں دیتا۔

۱۶۳) سوال : نبی ﷺ نے کس اونٹنی پر بیٹھ کر مکہ سے مدینہ ہجرت کی؟

جواب : قصواء۔

۱۶۴) سوال : ہجرت کے وقت کون سے صحابی آپ ﷺ کے ساتھ تھے؟

جواب : حضرت ابوبکر صدیقؓ۔

۱۶۵) سوال : کس صحابی سے نبی ﷺ نے کہا تھا کہ قیصر و کسریٰ کے کنگن پہنوں گے؟

جواب : سراقہ بن مالک رضؓ۔

۱۶۶) سوال : فتح مکہ کون سے سال میں ہوا؟

جواب : ۸ ہجری۔

۱۶۷) سوال : غزوہ اور سریہ میں کیا فرق ہے؟

جواب : غزوہ وہ ہے جس میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خود شریک ہوئے، اور سریہ وہ ہے جس میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کسی صحابی کو امیر بنا کر بھیجا ہو۔

۱۶۸) سوال : آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی کتنی پھوپھیاں تھیں؟ نام بتائیں۔

جواب : آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ۶ پھوپھیاں تھیں : ان کے نام یہ ہیں:

(۱) برّہ، (۲) بیضاء، (۳) عاتکہ، (۴) صفیہ، (۵) اروی، (۶) امیمہ۔

۱۶۹) سوال: عبدالمطلب کی اولاد میں سب سے زیادہ خوبصورت، پاکدامن اور محبوب کون تھے؟

جواب : حضرت عبداللہ (آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے والد)۔

۱۷۰) سوال : حضرت آمنہ رضؓ کس کی بیٹی تھیں؟

جواب : وہب بن عبد مناف۔

۱۷۱) سوال : حضرت آمنہ رضؓ کے والد وہب بن عبد مناف کس قبیلے کے سردار تھے؟

جواب : بنو زہرہ کے سردار تھے۔

۱۷۲) سوال : حضرت عبداللہ (آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے والد) کا کہاں اور کس عمر میں انتقال ہوا؟

جواب : مدینہ میں، ۲۵ سال کی عمر میں۔

۱۷۳) سوال : آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو آپ کی والدہ کے بعد سب سے پہلے کس نے دودھ پلایا؟

جواب : ابولہب کی باندی ثویبہ نے دودھ پلایا۔

۱۷۴) سوال : دادا عبدالمطلب نے آپ ﷺ کو کس دودھ پلانے والی دایہ کے حوالے کیا؟

جواب : حضرت حلیمہ سعدیہ کے۔

۱۷۵) سوال : حضرت حلیمہ سعدیہ کے شوہر کا نام کیا تھا؟

جواب : حارث بن عبدالعزیٰ۔

۱۷۶) سوال : حارث کی اولاد کے نام بتائیں جو آپ ﷺ کے رضاعی بھائی تھے؟

جواب : عبداللہ، حذافہ، جدامہ، اس کے علاوہ ابوسفیان بن حارث بن عبدالمطلب جو آپ ﷺ کے چچازاد بھائی تھے۔

۱۷۷) سوال : شق صدر کسے کہتے ہیں؟

جواب : حضرت جبرائیل علیہ السلام نے آپ ﷺ کو پکڑا اور سینہ چاک کر کے دل نکالا، پھر ایک برتن میں زمزم کے پانی سے دھویا، پھر اسے جوڑ دیا اسے شق صدر کہتے ہیں۔

۱۷۸) سوال : دادا عبدالمطلب کا انتقال کہاں ہوا اور اس وقت آپؐ کی عمر مبارک کتنی تھی؟

جواب : مکہ مکرمہ میں، آپ ﷺ کی عمر ۸ سال ۲ مہینے ۱۰ دن تھی۔

۱۷۹) سوال : ہجرت کے بعد حضور ﷺ قبا میں داخل ہوئے تو آپ ﷺ کا استقبال کرنے والوں کی تعداد کتنی تھی؟

جواب: حضور ﷺ کے استقبال کرنے والوں کی تعداد ۵۰۰ تھی۔

۱۸۰) سوال : اس مسجد کا نام بتائیں جہاں ایک نماز پڑھنے کا ثواب دوسری مسجد میں پڑھی جانے والی ۵۰۰۰۰ نمازوں کے برابر ہے؟

جواب : مسجد نبوی۔

۱۸۱) سوال : ان مساجد کے نام بتائیں جن کی تعمیر میں خود حضور ﷺ نے اپنے صحابہ کے ساتھ مل کر مزدوروں کی طرح کام کیا تھا؟

جواب : مسجد قبا، مسجد نبوی۔

۱۸۲) سوال : کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ مسجد نبوی کے صحن میں جو سایہ دار چبوترہ موجود تھا اسے کس نام سے پکارا جاتا تھا؟

جواب : صفہ۔

۱۸۳) سوال : قبا میں تشریف لانے کے بعد آپ ﷺ نے سب سے پہلا کون سا کام کیا تھا؟

جواب : آپ ﷺ نے وہاں ایک مسجد کی بنیاد رکھی تھی۔

۱۸۴) سوال : حضور ﷺ کے خاندان کے اس فرد کا نام بتائیں جو ہجرت کے بعد سب سے پہلے آپ ﷺ سے قبا میں آ کر ملے تھے؟

جواب : حضرت علیؓ۔

۱۸۵) سوال : قبا اور بنو سالم کی بستی سے جب حضور ﷺ مدینہ کی طرف روانہ ہوئے تو آپ ﷺ کس اونٹنی پر سوار تھے؟

جواب : قصواء پر۔

۱۸۶) سوال : حضور ﷺ نے مدینہ منورہ میں مسجد نبوی کی بنیاد کب رکھی؟

جواب : ربیع الاول سن ۱ ہجری میں۔

۱۸۷) سوال : حدیث کی چند مشہور کتابوں کے مختصر نام بتائیں؟

جواب : (۱) بخاری شریف، (۲) مسلم شریف، (۳) ترمذی شریف، (۴) ابوداؤد شریف، (۵) نسائی شریف، (۶) ابن ماجہ شریف۔

۱۸۸) سوال : حضور ﷺ کے انتقال کے وقت آپ کی کتنی اولاد زندہ تھی؟

جواب : صرف ۱، حضرت فاطمہؓ زندہ تھیں۔

۱۸۹) سوال : حضور ﷺ کا پہلا نکاح کس خاتون سے ہوا؟

جواب : حضرت خدیجہؓ سے۔

۱۹۰) سوال : حضور ﷺ کی وہ کون سی زوجہ مطہرہ ہیں جن کی اوڑھنی سے جنگِ بدر میں اسلامی پرچم لہرایا گیا تھا؟

جواب : حضرت عائشہ صدیقہؓ کے اوڑھنی (ڈوپٹہ) سے اسلامی پرچم لہرایا گیا تھا۔

۱۹۱) سوال : حضور ﷺ کی ازواجِ مطہرات میں سے وہ کون ہیں جنہیں جبرائیل امین نے خود سلام پہنچایا تھا؟

جواب : اُمّ المؤمنین حضرت خدیجہؓ۔

۱۹۲) سوال : حضور ﷺ معراج کے لیے کب تشریف لے گئے؟

جواب ۱۷ : رجب النبوی، مطابق ۱۸ مارچ ۶۲۰ء۔

۱۹۳) سوال : واقعۂ معراج کے وقت آپ ﷺ کی عمر کتنی تھی؟

جواب : ۵۱ سال ۹ ماہ۔

۱۹۴) سوال : واقعۂ معراج کے وقت آپ ﷺ کے ساتھ کون تھے؟

جواب : حضرت جبرائیل علیہ السلام اور حضرت میکائیل علیہ السلام۔

۱۹۵) سوال : معراج میں آپ ﷺ کو کیا تحفہ ملا؟

جواب : نماز کا تحفہ ملا۔

۱۹۶) سوال : حضورؐ کے انتقال کے بعد آپ کے خاندان میں سب سے پہلے کس کا انتقال ہوا؟

جواب : آپ ﷺ کی چہیتی بیٹی حضرت فاطمہؓ کا۔

۱۹۷) سوال : حضور ﷺ کو نبوت ملنے کے بعد آپ ﷺ کی کتنی بیٹیوں کو طلاق ہوئی اور ان کے نام کیا ہیں؟

جواب : ۲ بیٹیوں کو طلاق ہوئی : (۱) حضرت اُمِ کلثومؓ، (۲) حضرت رقیہؓ۔

۱۹۸) سوال : حضرت علیؓ سے حضور ﷺ کا کیا رشتہ تھا؟

جواب : حضرت علیؓ آپ ﷺ کے چچا ابو طالب کے بیٹے اور داماد تھے۔

۱۹۹) سوال : حضرت عثمانؓ کے نکاح میں حضور ﷺ کی کتنی بیٹیاں تھیں؟

جواب : حضرت عثمانؓ کے نکاح میں حضورؐ کی ۲ بیٹیاں حضرت اُمِ کلثومؓ اور حضرت رقیہؓ تھیں۔

۲۰۰) سوال : حضور ﷺ نے فرمایا ''میں دو ذبیحوں کی اولاد ہوں'' اس سے کیا مراد ہے؟

جواب : دو ذبیحوں سے مراد حضرت اسماعیلؑ ذبیح اللہ اور حضرت عبداللہ ہیں۔

۲۰۱) سوال : حضور ﷺ کا تعلق کس خاندان سے تھا؟

جواب : خاندانِ قریش سے۔

۲۰۲) سوال : حضور ﷺ کی عمر ۶ سال ہوئی تو کس کا انتقال ہوا؟

جواب : ۶ سال کی عمر میں والدہ حضرت آمنہؓ کا انتقال ہوا۔

۲۰۳) سوال : حضرت آمنہؓ کی قبر کہاں ہے؟

جواب : مقامِ ابواء میں۔

۲۰۴) سوال : حضرت آمنہؓ کے انتقال کے بعد حضور ﷺ کی پرورش کس نے کی؟

جواب : دادا حضرت عبدالمطلبؓ نے۔

۲۰۵) سوال : ہجری تاریخ کا سلسلہ کب شروع ہوا؟

جواب : حضرت عمر فاروقؓ کے زمانۂ خلافت میں۔

۲۰۶) سوال : حضور ﷺ کی کل عمر کتنی تھی؟

جواب : حضور ﷺ کی کل عمر ۶۳ سال تھی۔

۲۰۷) سوال : حضور ﷺ جس مکان میں پیدا ہوئے وہ کہاں تھا؟

جواب : مکّہ میں صفا پہاڑی پر۔

۲۰۸) سوال : حضور ﷺ قباء سے مدینہ کب روانہ ہوئے؟

جواب : ۱۲ ربیع الاول سن ۱ ہجری بروز جمعہ۔

۲۰۹) سوال : حضور ﷺ نے کس صحابی سے فرمایا کہ ”میرے ماں باپ آپ پر قربان“؟

جواب : حضرت سعد بن ابی وقاصؓ۔

۲۱۰) سوال : حضور ﷺ نے سب سے پہلے عید الفطر کب پڑھائی؟

جواب : ۱ شوال سن ۱ ہجری۔

۲۱۱) سوال : مسجدِ نبوی کے لیے سب سے پہلے لکڑی کا منبر کس نے پیش کیا؟

جواب : حضرت تمیم داریؓ نے۔

۲۱۲) سوال : رشتہ داروں کی خدمت کرنے میں کیا فائدہ ہے؟

جواب : آپس میں محبت بڑھتی ہے، رزق میں برکت ہوتی ہے، عمر میں اضافہ ہوتا ہے، گناہ معاف ہوتے ہیں۔

۲۱۳) سوال : معراج کب ہوئی؟

جواب : معراج کا سفر طائف سے واپسی کے بعد سن ۱۱ نبوی میں ہوا۔ مشہور یہ ہیکہ ۲۷ رجب کی شب میں ہوا۔

۲۱۴) سوال : نبی ﷺ کا مزاج کیسا تھا؟

جواب : نبی ﷺ خوب نرم طبیعت اور خوش مزاج تھا۔

۲۱۵) سوال : اللہ تعالیٰ نے کس چیز کے ذریعے علم سکھایا؟

جواب : قلم کے ذریعے۔

۲۱۶) سوال : مکّہ مکرمہ میں سب سے پہلے بلند آواز سے تلاوت کرنے والے کا نام بتائیں؟

جواب : حضرت عبداللہ بن مسعودؓ۔

۲۱۷) سوال : امام مہدی کون ہوں گے؟

جواب : امام مہدی آخر زمانے میں حاکم بن کر آئیں گے۔

۲۱۸) سوال : کیا امام مہدی علیہ الرحمٰن نبی ہوں گے؟

جواب : جی نہیں، کیونکہ نبوت کا سلسلہ ہمارے نبی ﷺ پر ختم ہو چکا ہے۔

۲۱۹) سوال : امام مہدی کا نام کیا ہوگا؟

جواب : امام مہدی کا نام وہی ہوگا جو ہمارے نبی ﷺ کا نام ہے محمد۔

۲۲۰) سوال : امام مہدی کے والد کا نام کیا ہوگا؟

جواب : امام مہدی کے والد کا نام عبداللہ ہوگا۔

۲۲۱) سوال : امام مہدی کس خاندان سے ہوں گے؟

جواب : امام مہدی حضرت فاطمہؓ کے خاندان سے ہوں گے اور سید ہوں گے۔

۲۲۲) سوال : امام مہدی کتنے سال حکومت کریں گے؟

جواب : سات (۷) سال۔

۲۲۳) سوال : امام مہدی اور کیا کام کریں گے؟

جواب : آپ کے زمانے میں مغربی عیسائیوں اور مسلمانوں کی بڑی جنگ ہوگی، اس کی قیادت آپ کے ہاتھ میں ہوگی۔

۲۲۴) سوال : اس جنگ کا انجام کیا ہوگا؟

جواب : اس جنگ میں بڑی خونریزی ہوگی، ایک تہائی لشکر شہید ہوگا، ایک تہائی بھاگ جائے گا، اور ایک تہائی کو اللہ فتوحات عطا فرمائے گا۔

۲۲۵) سوال : سفیانی کون ہوگا؟

جواب : یہ ملکِ شام کا رہنے والا ایک شخص ہوگا جو امام مہدی سے مقابلے کے لیے نکلے گا، مگر اللہ ایک آدمی کے سوا پورے لشکر کو زمین میں دھنسا دے گا۔

۲۲۶) سوال : وہ ایک آدمی کیوں بچا دیا جائے گا؟

جواب : تاکہ وہ جا کر لوگوں کو اس لشکر کے عبرتناک انجام کے بارے میں بتائے۔

۲۲۷) سوال : امام مہدی کا ظہور کس وقت ہوگا؟

جواب : وقت کی کوئی تعیین حدیث میں نہیں آئی، البتہ یہ بتایا گیا ہے کہ اس وقت زمین پر ظلم وستم

عام ہوگا، حضرت مہدی عدل و انصاف پھیلائیں گے۔ اسی طرح ایک خلیفہ کا انتقال ہوگا اور اس کے تین بیٹوں میں اختلاف ہوگا۔

۲۲۸) سوال : دجال کسے کہتے ہیں؟

جواب : دجال ایک انسان ہوگا جو ایک آنکھ سے کانا ہوگا اور ایک آنکھ ابھری ہوئی ہوگی۔ اس کی پیشانی پر ک، ف، ر لکھا ہوگا۔

۲۲۹) سوال : دجال کیا کرے گا؟

جواب : وہ پوری زمین پر گھومے گا اور لوگوں کو اپنی خدائی کی طرف بلائے گا۔

۲۳۰) سوال : جو لوگ دجّال کو نہ مانیں، دجال ان کے ساتھ کیا کرے گا؟

جواب : وہ ان کا سارا مال و دولت چھین لے گا۔

۲۳۱) سوال : ماننے والوں کے ساتھ کیا کرے گا؟

جواب : ان پر بارش برسائے گا جس سے کھیت ہرے بھرے ہو جائیں گے۔

۲۳۲) سوال : دجال کے ساتھی کون ہوں گے؟

جواب : دجال کے ساتھی یہودی ہوں گے۔

۲۳۳) سوال : یہودی کا کیا انجام ہوگا؟

جواب : اس وقت ہر ایک یہودی کو مسلمان قتل کرے گا، حتیٰ کہ اگر کوئی درخت یا دیوار کے پیچھے چھپے گا تو وہ بھی کہے گا کہ یہ یہودی میرے پاس چھپا ہوا ہے، اسے قتل کرو۔

۲۳۴) سوال : کیا دجال کو بارش برسانے کی قدرت حاصل ہوگی؟

جواب : جی ہاں، دجال کو اللہ کی طرف سے یہ طاقت دی جائے گی۔

۲۳۵) سوال : کیا دجال مردوں کو زندہ کرے گا؟

جواب : دجال کے ساتھ شیطان ہوں گے جو دجال کی شکل میں لوگوں کے گزرے ہوئے باپ بن کر آئیں گے۔

۲۳۶) سوال : کیا دجال کو زندگی اور موت پر قدرت دی جائے گی؟

جواب : جی ہاں، ایک مرتبہ یہ قدرت دی جائے گی۔ وہ ایک بڑے ایمان والے کو اپنی خدائی کی طرف بلائے گا۔ وہ انکار کرے گا، تب وہ اسے قتل کر کے دو ٹکڑے کر دے گا، پھر زندہ کرے گا اور کہے گا کہ اب تو میری خدائی پر یقین آ گیا ہو گا۔ وہ شخص کہے گا کہ اب تو میرا یقین اور بڑھ گیا کہ تو کانا دجال ہے۔ پھر جب وہ دوبارہ قتل کرنا چاہے گا تو یہ طاقت اس سے چھین لی جائے گی۔ اسی وقت حضرت عیسیٰؑ آسمان سے اتریں گے، دجال یہ سن کر بھاگے گا اور حضرت عیسیٰؑ اس کا تعاقب کر کے دجّال کو قتل کریں گے۔

۲۳۷) سوال : دجّال کتنے دن زمین پر ٹھہرے گا؟

جواب : ۴۰ دن، مگر اس کا پہلا دن ایک سال کے برابر، دوسرا دن ایک مہینے کے برابر، تیسرا دن ایک ہفتے کے برابر، اور اس کے بعد کے دن عام دنوں کی طرح ہوں گے۔

۲۳۸) سوال : دجّال کے فتنہ سے بچنے کے لیے کیا تدبیر اختیار کرنی ہوگی؟

جواب : سورۃ کہف کے شروع آخر کی ۱۰ آیات پڑھ لی جائیں۔ اس کی برکت سے دجّالی فتنے سے ہم محفوظ رہیں گے۔

۲۳۹) سوال : حضرت عیسیٰ علیہ السلام کون ہیں؟

جواب : حضرت عیسیٰ علیہ السلام اللہ کے برگزیدہ پیغمبر ہیں جو ہمارے نبی ﷺ سے تقریباً ۶۰۰

سال پہلے تشریف لائے تھے۔

۲۴۰) سوال : کیا حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا انتقال ہو چکا ہے؟

جواب : نہیں، یہودیوں نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے قتل کے لیے گھیراؤ کیا، اللہ نے اسی وقت انہیں آسمان پر زندہ اٹھالیا، اور وہ قیامت کے قریب اس دنیا میں تشریف لائیں گے۔

۲۴۱) سوال : حضرت عیسیٰ علیہ السلام کس حالت میں اتریں گے؟

جواب : دو فرشتوں کے کندھوں پر ہاتھ رکھ کر، ہلکے پیلے رنگ میں، دمشق جو ملک شام کا ایک شہر ہے اس کے مشرقی کنارے کے پاس اتریں گے۔

۲۴۲) سوال : حضرت عیسیٰ علیہ السلام کیا کام کریں گے؟

جواب : دنیا سے کفر کا خاتمہ کریں گے، دجّال کو قتل کریں گے، آپ کی سانس جس کافر کو پہنچے گی وہ پگھل جائے گا۔

۲۴۳) سوال : حضرت عیسیٰ علیہ السلام دجّال کو کس مقام پر قتل کریں گے؟

جواب : بابِ لُد پر جو اس وقت مقبوضہ اسرائیل میں واقع ہے۔

۲۴۴) سوال : یاجوج ماجوج کون ہوں گے؟

جواب : یہ انسانوں میں سے ہی ہوں گے جو قربِ قیامت میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے آنے کے بعد نکلیں گے۔

۲۴۵) سوال : یاجوج ماجوج کہاں سے نکلیں گے؟

جواب : سکندر ذوالقرنین نے ایک بڑی دیوار بنائی تھی، قیامت کے قریب وہ دیوار ٹوٹے گی تو روئے زمین پر یاجوج ماجوج پھیل جائیں گے۔

۲۴۶) سوال : یہ لوگ کیا کریں گے؟

جواب : یہ لوگ پوری زمین پر فتنہ وفساد پھیلائیں گے، یہاں تک کہ زمین والوں کو ختم کر دیں گے، پھر آسمان والوں کو مارنے کیلئے تیر برسائیں گے، اللہ تعالیٰ ان کے تیروں کو خون آلود واپس لوٹا دے گا۔

۲۴۷) سوال : اس وقت حضرت عیسیٰ علیہ السلام کہاں ہوں گے؟

جواب : اس وقت حضرت عیسیٰ علیہ السلام اللہ کے حکم سے ایمان والوں کو لے کر کوہِ طور پر چلے جائیں گے، کیونکہ ان سے مقابلے کی کسی میں طاقت نہیں ہوگی۔

۲۴۸) سوال : یاجوج ماجوج کی ہلاکت کیسے ہوگی؟

جواب : حضرت عیسیٰ علیہ السلام بددعا فرمائیں گے، جس سے ان کے بغل کے نیچے ایک کیڑا پیدا ہوگا جو ان کی ہلاکت کا سبب بنے گا، پھر اللہ ایک پرندہ بھیجے گا جو ان کی لاشوں کو اٹھا کر سمندر میں پھینک دے گا، اس کے بعد اللہ تعالیٰ بارش برسائے گا جس سے زمین آئینے کی طرح صاف ہو جائے گی

۲۴۹) سوال : اس کے بعد کیا ہوگا؟

جواب : اس کے بعد قیامت کی کچھ اور خاص علامات ظاہر ہوں گی، پھر قیامت واقع ہو جائے گی۔

۲۵۰) سوال : وہ قیامت کی کون سی خاص علامات ہوں گی؟

جواب : (۱) سورج کا مغرب سے طلوع ہونا، اس کے بعد توبہ کا دروازہ بند ہو جائے گا۔ (۲) دابۃ الارض یعنی زمین سے ایک جانور نکلے گا جو انسانوں سے بات کرے گا۔ (۳) تین جگہ زمین دھنسنے کے واقعات ہوں گے : ایک مشرق میں، ایک مغرب میں اور ایک جزیرۃ العرب میں۔ (۴) ایک ہوا چلے گی جو تمام ایمان والوں کی روح قبض کر لے گی، یہاں تک کہ زمین پر صرف کافر اور فاجر قسم کے لوگ رہ جائیں گے جو کھلے عام جانوروں کی طرح زنا کریں گے، انہی لوگوں پر قیامت قائم ہوگی۔